جناب امانت شاہ: دغې د پارہ ھم څہ لږ انتظام کول غواړی جی، د ھغې اصل مقصد دا وو چې د مردان چې زمونږ ھیډکوارټر ھسپتال دې جی، د ھغې نہ اکثر یونټې ھغہ زمونږ شیخ ملتون کمپلیکس، چې کوم مردان ایس ایم سی دې، ھغې تہ راوړلې شوې وو، تر اوسہ پورې ھغہ Facilitiesچې کوم ھغې تہ میسر کول پکار وو، دوئ تہ ھم میسر نہ دی او زمونږ ھغہ ھسپتال ھم نیمګرې دې، د ھغې ایمبولنس او نور څیزونہ ھم دې ھسپتال نہ اوړلې شوې دی، زہ عرض کوم چې کہ چرتہ زمونږہ منسټرصاحب ھم د ھغې د پارہ مونږ تہ څہ دغہ راکوی چې ھغہ خپل ھسپتال تہ خپل ھر څہ ورکوی او مردان میډیکل کمپلیکس چې کوم دې، دوئ تہ خپل تمام Facilitiesورکړې شی نو ان شاءاللہ العزیز زمونږ دا دواړہ ھسپتالونہ چې پہ ھغې باندې د بونیر ھم دارومدار دې، ورسرہ سوات ټول، چکدرہ ھغہ ھم تقریباً، مردان ھیډکوارټر ھسپتال دې، صوابئ سرہ او کمپلیکس باندې ھم نو ان شاء اللہ دا تمام مسائل بہ زمونږہ حل شی۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکرصاحب پہ دې بارہ کښې د امانت شاہ خبرې سرہ زہ بالکل اتفاق ساتمہ او مزید صرف یو خبرہ پکښې Add کول غواړمہ بلکہ تپوس کومہ د منسټر صاحب نہ چې دوئ وائی چې مونږ بہ اې کیټګری ھسپتالونہ ورکوؤ، پہ ھغې کښې بہ تمام سھولیات مھیا کوؤ مونږہ، زہ د دوئ نہ دا تپوس کوم چې پہ غرونو کښې چې ھغہ پندرہ، بیس کلومیټر لرې لرې درې دی چې پہ ھغې کښې ھیڅ قسمہ د صحت سھولیات نشتې چې پہ ھغې کښې د منسټر صاحب خپلہ علاقہ ھم شامل دہ نو دا اې کیټګری ھسپتال خو بہ پہ ښار کښې جوړیدو، دغہ بیس او پچیس کلومیټر لرې پہ غرونو کښې خلق چې ھغوی تہ ډسپنسرئ نشتې، آر ایچ سی ورتہ نشتې، بل څہ روډ ھغوی تہ نشتې،

روږ خو خیر ځان له خبره ده خو هلته خو دغه شے اوکړی، دا خو هغه زړے خبرې دی، زړه پالیسی ده چې قوم د دې نه تنګ دے، خلق د دې نه تنګ دے، منسټر صاحب ته څه انقلابی اقدامات دے خلقو د ریلیف د پاره اوکړه، ته لږ هغه مونږ ته اووایه۔

مياں نثار گل: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: منسټر صاحب، هاں میاں نثار ګل صاحب، د دې سره متعلق دے ؟

مياں نثار گل: د دې متعلق دے جی، ضمنی سوال دے جی۔

جناب سپیکر: عبدالماجد خان صاحب وائی زه مطمئن یمه۔

مياں نثار گل: دا خو جی د ټولو صوبه ده کنه، کیدے شی صوبے کښې مونږ هم چرته ناست یو، مطمئن نه یو سر۔

جناب سپیکر: ہاں۔

مياں نثار گل: جناب سپیکر، شکریه، دیکښې منسټر صاحب یوه خبره اوکړه چې چرته هسپتالونه دی، هغې کښې ټول سهولیات موجود دی، نو حقیقت دے چې هسپتالونه خو شتے هر ځائے کښې، هلته کښې بیډونه هم شتے خو سهولیات موجود نه دی، زه پخپله چې د کومے ضلع سره تعلق ساتم، زه منسټر صاحب ته به اوښایم چې زما په ضلع کښې داسے هسپتالونه دی چې هغې کښې ایکسرے پلانټ شتے خو هغوې سره ټیکنیشن سټاف نشته، هلته کمرے شتے خو هلته ډاکټران نشته، مهربانی دے اوشی، دا حکومت چې نوے راغلے دے، چې دا زوړ حکومت، حقیقت دے سهولیات ده سره موجود هم نه دی، نو دا ټول طریقے سره دے اوګوری چې چرته ایکسرے پلانټ دی، هلته ډاکټران نشته، هغه نشته، دا د ټول صوبه سرحد په لیول باندې دے هغوې ته اورسوی، د ډاکټرانو، د نرسانو او دغه چې هغه خلق چې غرونو کښې اوسیږی چې هغوې ته سهولیات موجود شی، ډیره مهربانی۔

مولانا محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، مولانا عصمت اللہ صاحب۔

مولانا محمد عصمت اللہ: ایک تو منسٹر صاحب کے مشکور ہیں کہ تیاری کر کے تشریف لائے ہیں، لیکن چونکہ وقفہ سوالات ہے تو ان مجموعہ سوالات میں سے ایک دو نمبر، ایک یہ کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کیا آپ سمری پیش کرنا چاہتے ہیں؟

مولانا محمد عصمت اللہ: اسی میں ضمنی سوال ہے جی، یہ ذرا اگر ہمیں وضاحت فرمائیں کہ اے کیٹگری کیا ہے؟ اس میں کیا Facilities ہیں اور بی کیٹگری میں کیا Facilities ہیں؟ ان میں فرق کیا ہے؟ نمبر ایک۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

مولانا محمد عصمت اللہ: نمبر دو ساتھ یہ ہے کہ اس کے ساتھ ساتھ انہوں کوہستان جو کہ دور دراز پسماندہ علاقہ ہے، اس کو انہوں نے بی کیٹگری میں کیوں رکھا ہے؟

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر فار ہیلتھ عنایت اللہ صاحب۔

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ جناب سپیکر پہلے تو میں ریکارڈ کی درستگی کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس طرح میاں نثار گل صاحب نے کہا کہ میں گزارش کی تھی کہ صوبے کے تمام ہسپتالوں میں تمام سہولیات موجود ہیں، تو میں نے اس طرح کے کوئی الفاظ نہیں کہے ہیں، مجھے یاد نہیں آرہا ہے اور اگر آپ کو یا ہاؤس کو یاد ہو یا ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: خواہش ہے، خواہش ہے۔

وزیر صحت: خواہش ہے کہ Available ہو، اس طرح کے کوئی الفاظ میں نے نہیں کہے ہیں، بلکہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ Provide کریں اور محترم مظفر سید ایم پی اے صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، مجھے ان سے پورا پورا اتفاق ہے، میں خود بھی ان متاثرین میں سے ہوں کہ میرے اپنے علاقے میں، بلکہ ہمارے اپنے علاقے میں بھی یہی صورتحال ہے کہ نہ سی ڈیز ہے نہ بی ایچ یوز ہیں، دور دراز کے علاقوں میں تو جو پالیسی انہوں نے بنائی ہے، اس میں ہمیں یہ Amendment کرنا پڑے گی کہ اس میں پرائمری لیول پہ At the door step MCH سنٹر کے نام پہ یا سی ڈی کے نام پہ یا چاہے بی ایچ یو ہوں جو کچھ بھی ہو ایک Facility ہونی چاہیئے، لیکن وہ Amendment ہم ان شاءاللہ کریں گے، میرا ارادہ ہے کہ اس میں اس

قسم کی ایک Facility ہم اس میں شامل کریں، لیکن جہاں تک اس کی فوری طور پر Installation اور اس کی Establishment کا تعلق ہے تو وہ ہم نہیں کر سکتے ہیں، میں نے جس طرح پہلے عرض کیا ہمارے فنڈز ہمیں اسکی اجازت نہیں دے رہے، اگر ہمیں کہیں روشنی نظر آئی اور کہیں سے فنڈز ملے تو اس کو بھی ہم کر سکتے ہیں، وہ تو ہمارے اختیار میں ہے، لیکن فی الحال ہم یہی Afford کر سکتے ہیں کہ ہم صرف ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپٹلز پہ توجہ دیں، مولانا عصمت اللہ صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، میں اس کی ذرا وضاحت کرتا ہوں، اے کیٹگری ہاسپٹل میں جس طرح میں نے عرض کیا کہ پچیس سو آبادی پر ایک بیڈ ہے تو اس طرح اے کیٹگری ہاسپٹل میں چوالیس سپیشلسٹ ہوتے ہیں اور بائیس سپیشلیٹیز ی ہوتی ہیں اور اس میں تین سو بیڈز ہوتے ہیں اور یہ آبادی کے اوپر ہم دیتے ہیں، مطلب اگر آبادی سات لاکھ بچپتر ہزار ہو تو ان کو اے کیٹگری ہاسپٹل ملتا ہے اور اس طرح بی کیٹگری میں بائیس سپیشلسٹیز ہوتی ہیں اور بائیس سپیشلسٹ ہوتے ہیں اور یہ بھی آبادی کے اوپر دیتے ہیں تو اس طرح کے ہم Calculation کرتے ہیں تو میرے خیال میں یہ پانچ لاکھ بچپتر ہزار پر بنتے ہیں، 210 Bedded hospital یہ ہوتا ہے تو یہ اسکی وضاحت ہے، اور کوہستان کو بی کیٹگری میں ہم نے اس لئے ڈالا ہوا ہے کہ کوہستان کی آبادی کی بنیاد پر، اسی Calculation اور اسی فارمولے کو اپلائی کر کے کوہستان کو ہم نے بی کیٹگری میں ڈالا ہے۔

جناب سپیکر: ویسے مولانا کوشش کر رہے ہیں کہ Criteria پہ آجائیں، لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئیے۔

وزیر صحت: جی ہاں، (قہقہہ)

جناب مختیار علی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب مختیار علی: دے سرہ زما یو ضمنی سوال دے جی۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب مختیار علی: چې دیکښې یو تپوس شوې دے ، چې حکومت تورڈھیر بی ایچ یو کو آر ایچ سی کا درجہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟ نو جواب دا دے چې حکومت صوبہ سرحد کے تمام ضلعی ہسپتالوں کو اپ گریڈ کر رہی ہے، جس میں صوابی کے ہسپتالوں کو بھی اے کیٹگری دیا جا رہا ہے، زہ دا تپوس کومہ

چې په دې صوابئ کښې کومو هسپتالونو ته دا د اے کیټګری درجه ورکولے شی؟

جناب سپیکر: منسٹر صاحب۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، مخکښې نه یو بلډنګ جوړ شوې وو او په هغې باندې څه نورے پیسے مونږ ته فنډز Allocate کړی، په هغې باندې کار روان دے، هغه ځائے نوم زما نه هیر دے چې شاه منصور ورته وائی که څه؟ دا د صوابئ ایم پی اے ته به ښه معلوم وی، خو په هغې کښې یو ډیر لوئے بلډنګ دے عظیم الشان، په هغې باندې کار شروع دے او مونږه A category facilities به هم هغه بلډنګ ته ورکوؤ، زما خیال دے ان شاء الله په دې کال نیم کښې، په دې څلور پنځه شپږ میاشتے کښې به Complete شی۔

جناب سپیکر: سکندر خان شیرپاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان: مهربانی جناب سپیکر، یو سپیلیمنټری کوئسچن دے جی، وزیر صاحب اووئیل چې د دوئ پالیسئ کښې پکار دی، چې دا چینجز راشی او دغه اوشی، زه دوئ نه تپوس کوم چې کله پورے دوئ دا چینجز راوستے شی چې دا فرق پرے اوځی، دے خلقو ته دغه اوشی؟

جناب سپیکر: جی۔

وزیر صحت: جناب سپیکر ما عرض اوکړو، چې فی الحال فنډز اجازت نه ورکوی او که مونږ ته چرته رنړه په نظر راغله، مونږ ته فنډز راغلل نو مونږه په پالیسئ کښې، دا خو زمونږ د اختیار خبره ده چې پالیسئ کښې مونږه ترمیم اوکړو او سی ډیز هم پکښې شامل کوؤ یا د ایم سی ایس سنټر په نوم باندې پکښې شامل کوؤ، دغه شانتے په ډی کیټګری باندې هم شروع اوکړو، نو دا به چې مونږ ته فنډز راشی، فی الحال زمونږ فنډز جی نو هغه ټول مونږ Divert کړی دی ډسټرکټ هیډکوارټر هاسپټلز ته۔

غیر نشاندار سوالات اوران کے جوابات

25 _ جناب مشتاق احمد غنی: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد کا ڈی ایچ کیو ہسپتال وومن میڈیکل کالج ایبٹ آباد کو دیا گیا ہے ;
(ب) (1) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ ہسپتال کن شرائط پر ایک پرائیویٹ کالج کو دیا گیا ہے ;
(2) آیا اس مقصد کے لئے ٹینڈر وغیرہ طلب کئے گئے تھے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) جی نہیں، یہ درست نہیں، اس ہسپتال کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت حکومت اور وومن میڈیکل کالج ایبٹ آباد کے درمیان معاہدے کے تحت لایا گیا ہے، اس کا مقصد کالج کی طالب علموں کو تدریسی سہولیات فراہم کرنا ہے اور اسکے لئے پچاس ہزار روپے فی طالب علم سالانہ معاوضہ لیا جاتا ہے جو کہ کالج جمع کرتا ہے۔

(ب) ہسپتال کے اندر وومن میڈیکل کالج ایبٹ آباد کی طالبات کو تدریسی سہولیات فراہم کرنے کے لئے معاہدے میں مندرجہ ذیل شرائط طے پائی ہیں۔

(1) ہسپتال کی سہولیات کالج کی طالبات کو صرف اور صرف تدریس کے لئے دی گئی ہیں، جس کے عوض فی طالبہ کالج حکومت کے خزانہ میں پچاس ہزار روپے سالانہ جمع کرے گی، اس طرح ایک سو پچاس طالبات کی تدریس کے عوض خزانے میں پچھتر لاکھ روپے جمع ہونگے۔

(2) معاہدے کے تحت ہسپتال حکومت کے نظم ونسق میں رہے گا اور اس کا تمام ساز و سامان حکومت کی ملکیت رہے گا، حتیٰ کہ کالج کی طرف بنائی گئی، عمارتیں اور لگائی گئی مشینیں بھی حکومت کی ملکیت میں آجائیں گی۔

(3) ہسپتال عوام کو وہی طبّی سہولیات اسی معیار کے مطابق فراہم کرتا رہے گا، جو معاہدے سے پہلے فراہم کرتا تھا اور جو صوبے کے دوسرے ڈی ایچ کیو ہسپتال فراہم کرتے ہیں۔

(4) ہسپتال کے تمام سرکاری ملازم اپنے سرکاری عہدے اور سہولیات برقرار رکھیں گے، اور ان میں سے وہ ڈاکٹر جو تین سال تک طالبات کو تدریس کریں گے اور ان کا تدریسی تجربہ حکومت کا سند یافتہ ہوگا۔

(5) معاہدے کے شرائط کا نفاذ ریویو بورڈ کی ذمہ داری ہوگی، جس کا سربراہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری صوبہ سرحد ہونگے۔

(6) ہسپتال کا معمول نظم ونسق مینجمنٹ بورڈ کے پاس ہوگا، جس کا سربراہ ڈی سی او ایبٹ آباد ہوگا۔

(7) ہسپتال کے مالی انتظام کی بہتری کے لئے ایک فنڈ کا قیام کیا گیا ہے، جس میں حکومت گرانٹ تدریسی معاوضہ اور دیگر آمدن جمع کی جائے گی، یہ ساری رقم ماسوائے 15% کے واپس ہسپتال کی بہتری کے لئے ڈی ایچ کیو ایبٹ آباد میں ہی صرف کی جائے گی۔

(8) باقی 15% ضلع ایبٹ آباد کی دیگر ہسپتالوں کی بہتری کے لئے صرف ہو گی۔

(9) اضافی اساتذہ وومن میڈیکل کالج فراہم کرے گا، جو تدریس کے علاوہ ہسپتال میں مریضوں کو بھی علاج فراہم کریں گے۔

(10) ہسپتال میں ہاؤس آفیسرز بھی کالج کے اخراجات پر لگائے جائیں گے، وومن میڈیکل کالج ایبٹ آباد اور گندھارا انسٹیٹوٹ آف میڈیکل سائنسز پشاور نے حکومت سے رابطہ کیا کہ انکی طالبات اور طالب علموں کو تدریسی سہولیات فراہم کرنے کے لئے انہیں عوضانے کے جمع کرنے پر سرکاری ہسپتالوں کے ساتھ معاہدے کئے جائیں، انہوں نے فرنٹییر میڈیکل کالج ایبٹ آباد کے ڈی ایچ کیو ہسپتال مانسہرہ کے ساتھ معاہدے کی شرائط تسلیم کرتے ہوئے یہ درخواست کی، انکی یہ درخواست گورنر صاحب صوبہ سرحد کے سامنے اکتوبر 2002 میں پیش کی گئی، جس پر گورنر نے ہدایات دیں کہ معاملے کے تمام پہلوؤں کی جانچ پڑتال کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے، کمیٹی کے سربراہ اے سی ایس تھے اور اس میں سیکرٹری خزانہ، قانون اور صحت اراکین تھے، کمیٹی نے مانسہرہ کی مثال کو سامنے رکھتے ہوئے یہ محسوس کیا کہ اس طرح کے معاہدے سے نہ صرف یہ کہ حکومت کا فائدہ ہوتا ہے، بلکہ غریب عوام کو بہتر طبّی سہولیات بھی میسر ہوتی ہیں، کمیٹی نے اس چیز کا خاص طور پر نوٹس لیا کہ فی الوقت حکومت کے پاس صرف ان دو کالجوں کے درخواستیں موجود ہیں اور اگر بعد میں کوئی اور کالج اپنے یا کسی اور ہسپتال کے لئے درخواست دیتا ہے تو حکومت یہ اختیار محفوظ رکھتی ہے کہ اس کو بھی اپنی شرائط پر جگہ دی جائے، یہ تدریسی سہولیات انہی ہسپتالوں میں یا اور ضلعی ہسپتالوں میں دی جاسکتی ہیں، انہی اصولوں کی بنیاد پر کمیٹی نے ڈرافٹ معاہدے منظور کئے، اس کے بعد گورنر صوبہ سرحد نے وومن میڈیکل کالج کے ساتھ ڈی ایچ کیو ایبٹ آباد اور گندھارا انسٹیٹویٹ آف میڈیکل سائنسز کوہاٹ روڈ ہسپتال کے ساتھ معاہدوں کی توثیق کر دی، موجودہ صورتحال یہ ہے کہ وومن میڈیکل کالج ایبٹ آباد کی انتظامیہ کے ساتھ معاہدہ دستخط ہو چکا ہے، جو یکم جنوری

2003 سے نافذ العمل ہوگا، جب کہ گندھارا انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز پشاور کے ساتھ معاہدہ ابھی دستخط نہیں ہوا۔

42 _ جناب عتیق الرحمان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہنگو میں کافی عرصہ سے زنانہ ہسپتال موجود تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال کو ضلع ناظم کے حکم پر بند کر کے اس کے عملے کو ہنگو کے دوسرے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال کی زمین عمارت محکمہ تعلیم کو دے دی گئی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) تو ایسا اقدام کیوں کیا گیا ہے، اس کا اختیار ضلع ناظم ہنگو کو حاصل ہے؛

(2) آیا حکومت علاقے کے عوام کی سہولت کی خاطر مذکورہ ہسپتال کی عمارت کی واپسی اور اسے دوبارہ چالو کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں، یہ دونوں ہسپتال ایک انتظامیہ کے تحت کام کر رہے تھے، چونکہ یہ دونوں ہسپتال ایک دوسرے سے تقریباً ڈیڑھ میل کے فاصلے پر واقع تھے، اس وجہ سے ان دونوں ہسپتالوں کی ایڈمنسٹریشن میں مشکل پیش آ رہی تھی، اسی طرح زنانہ ہسپتال کوہاٹ کو لیاقت میموریل ہسپتال اور زنانہ ہسپتال پاڑہ چنار کو ایجنسی ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، لہذا ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروس صوبہ سرحد کے ضلع ہنگو کے دورے پر ان دونوں ہسپتالوں کو ایک ہی عمارت میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور چھٹی 23720/FATA/T مورخہ 30 نومبر 2001 کے تحت بند کر کے عملے کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، دونوں ہسپتال ایک عمارت میں ہونے کی وجہ بہتر ایڈمنسٹریشن میسر ہو گی ہے، اس کے علاوہ ٹی ایچ کیو ہسپتال کو سی کیٹگری ہسپتال میں اپ گریڈ کرنے کی تجویز زیر غور ہے، جس میں ماہر زچہ و بچہ کی سہولت بھی اسی ہسپتال میں میسر ہو گی۔

(ج) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال کو جناب گورنر صاحب کی ضلع ناظم کے ساتھ 27 مئی 2002 کو ایک میٹنگ میں یہ فیصلہ ہوا کہ اس کو گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میں تبدیل کیا جائے اور ہمیں ڈی سی او ہنگو کی چھٹی 86-3585 مورخہ 21/06/02 کے ذریعے مطلع کیا گیا۔

(د) (1)۔(ب) اور (ج) کے جوابات پڑھنے سے واضح ہوا ہے کہ اسمیں ضلعی ناظم کو عمل دخل نہ تھا۔

(2) فی الحال حکومت مذکورہ ہسپتال کی عمارات کی واپسی کا ارادہ نہیں رکھتی۔

58 _ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ادویات میں ملاوٹ انسانی زندگی کو ختم کرنے اور امراض میں پیچیدگی کا باعث بنتی ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مارکیٹ میں غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ ادویات کھلے عام فروخت ہو رہی ہیں;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے ہر ضلع میں غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ ادویات پر کنٹرول کے لئے ڈرگ انسپکٹرز مقرر کئے ہیں;

(د) (1) حکومت نے اس سلسلے میں صوبہ بھر عموماً ضلع دیر لوئر میں خصوصاً کیا اقدامات کئے ہیں;

(2) گزشتہ تین سالوں کے دوران ضلع دیر میں ملاوٹ اور غیر معیاری ادویات فروخت کرنے پر کتنے لوگوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) اس کا انحصار ملاوٹ شدہ اجزا پر منحصر ہے کہ کونسی زہریلی چیز کس مقدار میں دوائی کے ساتھ ملاوٹ شدہ اور اس کے کون کونسے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

(ب) جی نہیں، مارکیٹ میں غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ ادویات کھلے عام فروخت نہیں ہو رہی ہیں، ادویات کی تیاری اور پیداوار اور مارکیٹنگ کے لئے مرکزی وزارت صحت اور ڈرگ ایکٹ مجریہ 1976 کے تحت طریقہ کار وضع شدہ ہے، جس کے تحت تمام ادویات کی رجسٹریشن بھی مرکزی وزرات صحت سے ہوتا ہے اور ورانٹی کے ذریعے صارف تک پہنچ جاتی ہیں، وقتاً فوقتاً صحت کے مراکز اور مارکیٹ سے مشکوک ادویات کے نمونہ جات تجزیے کے لئے لیبارٹریز بھیجے جاتے ہیں۔

(ج) اس وقت صوبہ بھر میں 16 ڈرگ انسپکٹرز کام کر رہے ہیں، (تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی) اور ضلع دیر اپر میں اور دیر لوئر کے لئے ایک ڈرگ انسپکٹر کی آسامی منظور ہے، جس پر جناب فدا محمد ڈرگ انسپکٹر اپنا کام بخوبی سرانجام دے رہے ہیں، چونکہ ضلع چترال میں ڈرگ انسپکٹر کی آسامی موجود ہے، لیکن تاحال وہ خالی ہے، لہذا جناب فدا محمد ڈرگ انسپکٹر صاحب کو ضلع چترال بھی سونپا گیا ہے۔

(د) (1) حکومتی اداروں میں ادویات ایم سی سی لسٹ کے مطابق مقامی کمیٹی کے وساطت سے آرڈر کئے جاتے ہیں اور دستیاب بجٹ میں حکومت صوبہ سرحد کے مروجہ طریقہ کار کے مطابق سپلائی ہوتے ہیں، ضلع محکمہ صحت کے افسران اور ڈرگ انسپکٹر وقتاً فوقتاً ان سٹورز اور مارکیٹ میں میڈیکل سٹورز کا معائنہ کرتے ہیں اور قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہیں۔

(2) گزشتہ تین سالوں کے دوران کل 192 ادویات کے نمونے برائے تجزیہ گورنمنٹ ڈرگز لیبارٹریز کو بھجوائے گئے تھے، جن میں صرف تین ادویات غیر معیاری اور ایک جعلی قرار پائی گئی تھی اور ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی عمل میں لائی گئی ہے، یہ مقدمات صوبائی کوالٹی کنٹرول بورڈ کو برائے چھان بین بھیجے گئے ہیں اور ملزمان صوبائی ڈرگ کورٹ صوبہ سرحد سے سزا بھگت چکے ہیں۔

جواب بابت سوال نمبر 58 (ج)

ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ صحت گورنمنٹ صوبہ سرحد نے مندرجہ ذیل اضلاع میں غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ ادویات پر کنٹرول کے لئے ڈرگ انسپکٹرز مقرر کئے ہیں۔

1۔ ضلع ڈی آئی خان، ضلع ٹانک	ڈرگ انسپکٹر مسٹر مصطفیٰ کمال۔
2۔ ضلع بنوں، ضلع لکی مروت	محمد علی۔
3۔ ضلع کرک	اکبر خان۔
4۔ ضلع کوہاٹ، ضلع ہنگو	محمد ہمایون۔
5۔ ضلع پشاور	صابر علی۔
6۔ ضلع نوشہرہ	سید ولایت شاہ۔
7۔ ضلع چارسدہ	سید محمد اسد حلیمی۔

8۔ ضلع مردان	محمد اسرار راہی۔
9۔ ضلع صوابی	افراسیاب۔
10۔ ضلع ملاکنڈ	دلنواز۔
11۔ ضلع دیر لوئر، ضلع دیر اپر	فدا محمد۔
12۔ ضلع چترال	منسلکہ ضلع دیر۔
13۔ ضلع سوات، ضلع بونیر	فدا محمد 2۔
14۔ ضلع ہری پور	محمد عثمان خان۔
15۔ ضلع ایبٹ آباد	محمد الیاس قریشی۔
16۔ ضلع مانسہرہ، ضلع کوہستان، ضلع بٹگرام	شیر زادہ خان۔

86 _ جناب ظفراللہ خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے لکی مروت میں چلڈرن ہسپتال قائم کرنے کی منظوری دی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال کی موجودہ صورتحال کیا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سول ہسپتال سرائے نورنگ میں ابھی تک خاتون ڈاکٹر کی تعیناتی نہیں کی گئی ہے؛

(د) اگر (ج) کا جواب اثبات میں ہو تو تاحال خاتون ڈاکٹر تعینات نہ کرنے کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) ہاں یہ درست ہے کہ وفاقی حکومت نے منظوری دی تھی جس کے لئے مبلغ ایک کروڑ روپے دیئے تھے، جس سے چلڈرن ہسپتال مکمل ہو چکا ہے۔

(ب) اب ضلعی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عملہ اور دیگر سہولیات خود فراہم کرے۔

(ج) نہیں، ڈاکٹر زیب النساء کی تعیناتی سول ہسپتال سرائے نورنگ میں ہو چکی ہے، جو گزشتہ تین سالوں سے ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہے۔

(د) جیس کہ جز (ج) میں وضاحت کی گئی ہے۔

111 _ سردار ایوب خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال داسو کوہستان سابقہ دور حکومت میں منظور ہونے کے باوجود اسکی تعمیر کا کام تاحال شروع نہیں کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس کے برعکس چلاس ایجنسی میں منظور کیا گیا، ہیڈ کوارٹر ہسپتال مکمل ہو گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو تاحال حکومت نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال داسو کوہستان کی تعمیر کے لئے کتنی رقم مختص کی ہے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) نہیں، سابقہ دور حکومت میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منظور نہیں ہوا تھا، بلکہ ابھی حکومت صوبہ سرحد نے ایک مروجہ پالیسی کے تحت داسو ہسپتال کو کیٹگری بی، جس کا تخمینہ لاگت 172.642 ملین روپے ہیں دیا گیا ہے اور Admin approval بھی 14 روپے دیکر کام شروع ہو چکا ہے اور ان شاءاللہ بہت جلد اس کی تعمیر مکمل ہو جائے گی۔

(ب) چلاس نادرن ایریا ہے اور نادرن ایریا کا فیڈرل گورنمنٹ دیکھ بھال کر رہی ہے۔

(ج) ضلعی ہسپتال داسو کوہستان کو ذیل تخمینہ لاگت سے منظور کیا ہے۔

(1)۔بلڈنگ۔	128.594 (M)۔
(2)۔ایکویپمنٹ۔	27.212 (M)۔
(3)۔ تنخواہ۔	16.836 (M)۔
کل رقم۔	172.642 (M)۔

113 _ جناب فرید خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع دیر بالا ڈسٹرکٹ ہسپتال کو بی کیٹگری کا درجہ دیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹرز کی کمی ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

1۔ مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹروں کی کل کتنی Sanctioned پوسٹیں ہیں اور کتنے ڈاکٹرز تعینات ہیں؛

2۔ حکومت مذکورہ ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی کمی پورا کرنے اور نئی بلڈنگ تعمیر کرنے کے لئے کیا اقدامات کررہی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) مذکورہ ہسپتال میں اس وقت پندرہ ڈاکٹرز تعینات ہیں، بشمول ایک لیڈی ڈاکٹر جب کہ کل بائیس Sanctioned posts ہیں، تفصیل درج ذیل ہے۔

تعداد آسامیاں	موجود	خالی
میل ڈاکٹرز 19	14	5
فیمیل ڈاکٹرز 3	1	2
کل تعداد 22	15	7

(ج) 1۔ اس کا جواب جزب میں دیا جا چکا ہے۔

2۔ نئی بلڈنگ کی تعمیر کے لئے ٹینڈر ہو چکے ہیں، مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹروں کی تعیناتی حکومت کے زیر غور ہے اور یہ کمی جلد ہی پوری کی جائے گی۔

178 _ جناب فیصل زمان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کہ غازی ہسپتال کو 1993 میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا درجہ دینے کا اعلان کیا گیا تھا

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر کی آسامی خالی ہے

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں ایکسرے پلانٹ بری حالت میں ہے

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ ہسپتال اپ گریڈ کرنے کے لئے فوری منظوری دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ 1993 میں غازی ہسپتال آر ایچ سی غازی کو تحصیل ہیڈ کوارٹر نہ بنایا جا سکا، حکومت صوبہ سرحد نے اپنی اولین ترجیحات میں تمام ضلعی ہسپتالوں کو آبادی کی تناسب سے سہولیات دی ہیں، جس میں ضلعی ہسپتال ہریپور کو بھی 199.860 ملین روپے کی

لاگت سے تعمیر کیا جائے گا، جس سے قرب وجوار کے لوگوں کو طبّی سہولیات میسر ہونگی، دوسرے مرحلے میں آر ایچ سی، بی ایچ یوز وغیرہ کواپ گریڈ کرنے پر غور کیا جائے گا۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ لیڈی ڈاکٹر کے تبدیل ہونے سے یہ آسامی خالی ہوگئی ہے، حکومت کی متعلقہ کمیٹی جلد ہی آسامی کو پر کر دے گی۔

(ج) ایکسرے پلانٹ مکمل ٹھیک حالت میں ہے، ایکسرے پلانٹ کو چلانے کیلئے ملیریا کے سپر وائزر ڈی ایچ کیو ہری پور میں ٹریننگ کر رہا ہے اور جونہی ٹریننگ مکمل ہوگی ایکسرے پلانٹ چالو ہو جائے گا، تاہم اس وقت ہری پور جو کہ نزدیک شہر ہے وہاں ہیلتھ سہولیات موجود ہیں، جس سے عوام مستفید ہو رہے ہیں۔

(د) جیسا کہ (الف) میں کہا گیا ہے کہ حکومت ایک مروجہ پالیسی کے تحت فی الوقت ضلع ہسپتالوں کو اپ گریڈ کر رہی ہے تو دوسرے مرحلے میں آر ایچ سیز اور بی ایچ یوز کے درجات بڑھانے پر غور کیا جائے گا، مالی وسائل کو مد نظر رکھ کر غازی ہسپتال کو سہولت دی جائے گی۔

180 _ جناب اختر نواز خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال ہری پور میں دور دراز علاقوں کے ڈاکٹرز تعینات ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ تمام ڈاکٹروں کو رہائش کی سہولیات فراہم نہیں کی گئی ہے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) ڈی ایچ کیو ہسپتال ہری پور میں کل 22 داکٹروں جن میں سپیشلسٹ جنرل ڈیوٹی ڈاکٹر، لیڈی ڈاکٹر اور انتظامیہ کے ڈاکٹر شامل ہیں ان میں دس ڈاکٹرز صاحبان ہری پور ضلع سے باہر کے ہیں جن میں سرجیکل سپیشلسٹ پشاور، ریڈیالوجسٹ نوشہرہ، آئی سپیشلسٹ ایبٹ آباد، ای این ٹی سپیشلسٹ سوات اور چائلڈ سپیشلسٹ صوابی سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ جنرل ڈیوٹی ڈاکٹروں میں سے ایک تعلق ضلع پشاور اور باقی کا تعلق ایبٹ آباد سے ہے جسمیں میڈیکل سپر ٹنڈنٹ بھی شامل ہیں۔

(ب) تمام موجودہ سپیشلسٹ حضرات کو ہسپتال کے اندر حکومت کی طرف سے رہائش کی سہولت دی گئی ہے، سوائے ریڈیالوجسٹ کے جو ایبٹ آباد میں رہائش پذیر ہیں، اس کے علاوہ ہسپتال کے نو گھروں میں سے دو گھروں میں لیڈی ڈاکٹرز اور ایک گھر میں ڈینٹل سرجن رہائش پذیر ہیں جن کا تعلق ضلع ہری پور سے ہے، جنرل ڈیوٹی ڈاکٹرز میں سے کسی نے ہسپتال کے رہنے کی خواہش کا اظہار نہیں کیا۔

186 _ جناب محمد علی شاہ: کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ درگئی میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال موجود ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ درگئی کی آبادی بہت زیادہ ہے اور لوگوں کو علاج معالجہ میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ ہسپتال کا درجہ نئی صحت پالیسی کے تحت کیٹیگری ڈی سے بڑھا کر سی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں، درگئی میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال موجود ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ درگئی کی آبادی بہت زیادہ ہے، چونکہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال درگئی میں سپیشلسٹ کی پوسٹ نہیں، اس وجہ سے لوگوں کو علاج معالجہ میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(ج) نئی صحت پالیسی کے تحت اس کو کیٹگری ڈی میں ڈالا گیا ہے۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: Next۔ جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں، ان کے اسمائے گرامی ہیں: جناب نوابزادہ طاہر بن یامین خان، ایم پی اے، آج کے لئے۔ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ، آج کے لئے۔ جناب وجیہہ الزمان خان، ایم پی اے، آج کے لئے۔ راجہ فیصل زمان صاحب (منسٹر صاحب)، آج کے لئے۔ محترمہ غزالہ حبیب تنولی صاحبہ، ایم پی اے، آج کے لئے۔ جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔ جناب خلیل عباس خٹک صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔ محترمہ ڈاکٹر سیمین محمود جان صاحبہ، آج کے لئے۔ بعرض منظوری ایوان کو پیش کرتا ہوں۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted. Next........

جناب شاد محمد خان: جناب سپیکر زه یو عرض کومه۔

Mr. Speaker: Jee. Shad Muhammad Khan Sahib, the great.

جناب شاد محمد خان: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب! نن زه ستاسو توجه یو ډیرے اهم مسئلے ته راګرځوم۔

جناب سپیکر: دا خو ځکه ډیره اهمه ده چې مطلب دا دے تاسو پاسیدئ نو دے نه بله اهم-----

جناب شاد محمد خان: آؤ جی، دے نه تاسو اندازه اولګوئ چې دا به څومره اهم وی، هغه دا جی زمونږه دا کوهاټ ټنل، دے ټولو معزز اراکینو ته پته ده او خاص کر د جنوبی اضلاع ته جی چې روزانه څه جنجال پکښې جوړوی، دومره خطرناک شوې دے، دربے میاشتے ئے اوشوې چې دا Complete دے او د دې افتتاح، صرف دے وجے نه نه کیږی چې نه صدر صاحب، نه وزیر اعظم صاحب، نو زه دا ریکویسټ کوم جی چې دا که نه دی نو ګورنر صاحب، وزیر اعلیٰ صاحب دوئ دے اوکړی که هغه هم نه وی، بیا سپیکر صاحب او ډپټی سپیکر صاحب دے اوکړی او که تاسو نه وئ نو بیا پولیټیکل تحصیلدار دربے باندې دے اوکړی خو خدائے د پاره دا اوکړئ-----

جناب سپیکر: سردار ادریس صاحب۔

سردار محمد ادریس(وزیر بلدیات ودیہی ترقی): شکریہ جی۔Thank you very much جناب سپیکر میں خود، مجھے بنوں جانا ہوا اور کوہاٹ کے راستے میں رکا بھی اور میری بھی خواہش تھی کہ میں اسی ٹنل کے ذریعے سے آؤں، لیکن یہ این ایچ اے اس کے لئے تقریباً میرے خیال میں کام مکمل ہو چکا ہے اور یہ میں نے وزیر اعلیٰ صاحب سے بات بھی کی ہے، عنقریب ان شاء اللہ بہت جلد ان کی خواہش کی تکمیل ہو جائے گی اور اس کا افتتاح ہو جائے گا۔

قاری محمد عبداللہ: بہت جلد سے کیا مراد ہے؟ بہت جلد کہتے کہتے تو عرصہ گزر گیا، جناب سپیکر! یہاں ہمیشہ دشواری رہتی ہے، اس کی وضاحت کی جائے۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر یو عرض دا دے-----

جناب سپیکر: شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جی د عنقریب څه مطلب دے؟

جناب سپیکر: بس ډیر زر۔

جناب شاد محمد خان: عنقریب خو سبا هم کیدے شی، میاشت هم کیدے شی، کال پس هم کیدے شی۔

جناب سپیکر: ډیر زر، ډیر زر۔

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکرصاحب، ما خو اوریدلے دی چې د دې افتتاح شوې ده، دوه ورځے مخکښې پکښې واده وو، هغوې راغلی دی، افتتاح شوې ده۔

جناب سپیکر: منسټر صاحب وائی۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: دوئ دے وضاحت اوکړی، ما آوریدلے دی چې په دیکښې دوه ورځے مخکښې واده شوې دے۔

جناب سپیکر: زما په خپل خیال منسټر وائی فیډرل سبجیکټ دے که تاسو بیا غواړئ نو یو قرارداد راوړئ چې ورته اووایو چې افتتاح اوکړئ۔

جناب سپیکر: میں نے سنا ہے کہ دو تین دن پہلے اس کا افتتاح ہو چکا ہے، اس میں شادی کا قافلہ آ چکا ہے اور ہمیں پتہ بھی نہیں ہے کہ کتنے وقت میں وہ قافلہ پہنچ چکا ہے، اس کا افتتاح ہو چکا ہے۔

جناب سپیکر: جی، ملک ظفر اعظم صاحب۔

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون): یہ پیر محمد خان صاحب، جس شادی کی طرف اشارہ کر رہے ہیں، ان کو غلط انفارمیشن پہنچی ہے، وہ نہ تو ہمارے اس ٹنل سے آئے ہیں، ٹنل کا معاملہ یہ ہے جی کہ اس کا تقریباً 33 کروڑ کا ٹینڈر ہو چکا ہے، اس میں بہت سارے Equipments لگ چکے ہیں، اس میں بڑے Sensitive equipments ہیں اور یہاں ہاؤس میں بھی ایسے لوگ موجود ہیں، جو اس بارے میں بہت کچھ جانتے ہیں، ان کے لئے ایک مہینے کا ٹریننگ کی ضرورت تھی وہ اب ٹریننگ حاصل کر چکے ہیں، تو ان شاء اللہ ہماری معلومات کے مطابق پانچ سے لیکر پندرہ تک In between اس کا افتتاح ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: یعنی دس دن کے اندر اندر۔۔۔۔

میاں نثار گل: نہیں جناب سپیکر، ذرا منسٹر صاحب یہ وضاحت کریں کہ ٹنل کا بقول ان کے ٹینڈر ہو چکا ہے، لیکن میں ان کو یہ معلومات دینا چاہتا ہوں کہ اس کے ٹینڈر کی ابھی تک Approval نہیں ہوئی، اس

کے بعد اس کے دو مہینے اور لگیں گے لوگوں کو ٹریننگ دینے کے لئے، ٹنل پہلے سے مارچ میں Complete ہو گئی ہے تو جولائی، اگست میں کہیں اس کا افتتاح ہو گا، تو اس کی تھوڑی سی وضاحت ہونی چاہئیے۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر صاحب تېنډر مطلب څه دے؟ بلکه زه به وایم چې ظفر علی شاه صاحب ته به څه Knowledge وی د دې باره کښې۔

میاں نثار گل: اس کے متعلق، ہاں، ظاہر علی شاہ صاحب۔

جناب سپیکر: ظاہر علی شاہ صاحب۔

سید ظاہر علی شاہ: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ جیسا کہ انہوں نے کوہاٹ ٹنل کے بارے میں بات کی ہے تو یہ پاکستان میں، چونکہ پہلا تجربہ ہے اس سے پہلے ایسی ٹنل بنی نہیں ہے، جب سے پاکستان بنا ہے تو یہ 1.8 کلو میٹر کی ٹنل ہے اور اس کو اپریشنل کرنے کرنے کے لئے، کیونکہ ایک ٹیکنکل چیز ہے، اس کے لئے جاپانی لوگ آئے ہوئے ہیں اور وہ ٹریننگ دے رہے ہیں اور تقریباً ایک مہینہ یا ڈیڑھ مہینہ ابھی اس میں اور لگے گا، اس کی سوفٹ اوپننگ جو ہے وہ شاید پندرہ یا بیس تاریخ تک ہو جائے، لیکن اس کے کھلنے کے بعد یہ پندرہ دن کے لئے بند ہو جائے گی اور اس کے پھر پندرہ دنوں کے بعد اس کو کھولا جائے گا، اس لئے میرا خیال ہے کہ یہ ٹنل جو ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈیڑھ مہینہ لگے گا۔

سید ظاہر علی شاہ: جون میں کہیں جا کر آپریشن ہو گی، اس کے اندر چونکہ ہوا کا سسٹم ہے اور بھی کافی سسٹم ہیں تو یہ ایک ایسی چیز ہے جو پاکستان میں پہلا تجربہ ہے اور یہ کوئی عام چیز نہیں کہ اس کو کھول دو اور یہ چلتی رہے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: اب شاہ صاحب نے تو اس کی بڑی اچھی وضاحت کر دی ہے، ہمیں سمجھ آ گیا ہے، اب ہمیں یہ بتایا جائے کہ ہم ان دو وزراء کے جو بیانات ہیں، جو انہوں نے اسمبلی میں دیئے ہیں، ان پہ اعتماد کریں یا نہ کریں؟

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب شہزادہ صاحب کو میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم نے تو جو بیان دیا ہے، اس پر ان کو اعتماد کرنا چاہئیے، کیونکہ یہ دس پندرہ دنوں میں کھلے گی، پھر اس کے بعد دوبارہ بند ہو گی اور اس کے لئے ٹریننگ ہو گی۔

جناب سپیکر: یہ اگر کھل بھی گئی تو یہ اعتماد نہیں کریں گے، Maulana Amanullah Haqqani Sahib, MPA, and Mr. Muzzafar Said, MPA, to please move their identical Privilege Motions, one by one, in the House.

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: سپیکر صاحب، دا کوآپریٹیو بنک باندې فیصله شوې وه چې په Monday به منسټر صاحب جواب ورکوی نو هغې باندې خو پوهه نه شو منسټر صاحب هم غائب شو دلته نه۔

جناب سپیکر: منسټر صاحب ماسره رابطه کړې وه، کا دوئ ته خبره کړې وه که بیا راغے نو ان شاء الله خبره به ورسره اوکړو، سبا هغوې نشته نو بله ورځ به خبره اوشی۔

جناب عبدالاکبر خان: ستا سو جی Commitment وو۔

جناب پیر محمد خان: دلته کښې اوس ناست وو۔

جناب سپیکر: اوس ناست وو، خیر خبره به اوکړو که راغے کنه۔

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: جناب بله ورځ خبره مستقل ده؟

جناب سپیکر: خبره مستقله ده، مستقله ده۔

مسئلہ استحقاق

مولانا امان اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ یہ اسمبلی اس اہم واقع کو زیر بحث لائے کہ میں نے وی سی پشاور یونیورسٹی کے متعلق ایک تحریک التواء پیش کی تھی، جس پر اسمبلی میں کافی بحث بھی ہوئی تھی،اس کے جواب میں یونیورسٹی کے ڈاکٹر شفیق الرحمان نے ایک پریس کانفرنس کی، جس سے نہ صرف میرا بلکہ پوری اسمبلی کا استحقاق مجروح ہوا ہے،جناب سپیکر ما هغه بله ورځ چې کله ایډجرمنټ موشن پیش کړو، نو د هغې په جواب کښې ډاکټر شفیق الرحمان یو پریس کانفرنس کړے دے، هغې کښې زمونږ د ټولے اسمبلئ زبردست توهین شوې دے او زه وایمه چې Breach of Privilege دلته کښې زبردست شوې دے، هغه دا دے چې دوئ وائی چې "اراکین اسمبلی سازش کا شکار ہوئے ہیں" او بیا روستو ئے ډیر عجیبه الفاظ لیکلی دی خه د دوئ دا ایډجرمنټ موشن په بدنیتئ باندې مبنی دے او دا

لاعلمه دی، د هیڅ نه دی خبر، نو زه وایم چې که چرته دا اسمبلی، دا معزز ایوان په داسے طریقوں سر او په داسے حربو سر د دباؤ شکار کولے شی چې دے متعلق دے څوک لب کشائی نه کوی، نو دا د دې ټول ایوان او د معزز اراکینو ډیر زبردست توهین دے، نو لهذا زه دا درخواست کوم چې دا دے استحقاق کمیټۍ ته حواله شی۔

جناب سپیکر: مظفر سید صاحب (قطع کلامیاں) معزز ممبر صاحب موو دے بیا د دې نه روستو مغزز ممبرانو ته موقع ورکوم۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر صاحب، یہ اسمبلی اس اہم واقعہ کو زیر بحث لائے کہ یونیورسٹی وائس چانسلر کے متعلق ایک تحریک التواء پیش کی گئی تھی، جس پر اسمبلی میں کافی بحث بھی ہوئی تھی اور اس کے جواب میں یونیورسٹی کے ڈاکٹر شفیق الرحمان نے ایک پریس کانفرس کی، جس سے نہ صرف میرا کیونکہ انہوں نے میرا نام بھی لیا ہے اور مولانا حقانی صاحب کا اور شاہ راز خان صاحب کا، بلکہ پوری اسمبلی اور پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، جناب سپیکر ډاکټر شفیق الرحمان صاحب یو تعلیم یافته او اعلیٰ کوالیفائیډ پرسن دے، په دې بحث نه کوؤ، زه صرف په دې بحث کومه چې آیا دا دلته کښې کوم ایوان ناست دے، دا د ان پړهو ایوان دے؟ دا خو ټول ګریجویټ دی، دا خو ټول اعلیٰ کوالیفائیډ خلق دی، دا د یونیورسټی په هره خبره باندې، یواځے یونیورسټی نه بلکه د دې صوبے د معاملاتو د پاره، د صوبے د حقوقو د پاره، د صوبے د مفادو د پاره، د عوامو د مفادو د پاره به په هر قسم ایشو باندې، هر څومره Minerوی او که هغه میجر وی، هر څه چې وی په هغې باندې به دوئ بحث کوی او دوئ به پرے ځان پوهه کوی او پالیسی به ورکوی، نو بیا دے ته د سازش شکار وئیل، بیا دے ته د چا په اشاروں باندې خبره کول، بیا دوئ ته لاعلمه وئیل، په بدنیتئ باندې خبره کول، زه وایم چې واقعی دا زما نه، د مولانا حقانی صاحب نه بلکه دا د دې ټول ایوان او د دې ټول معزز اراکینو استحقاق مجروح شوې دے، نو په دې دے بحث اوکړے شی۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، معزز اراکین نے جس مسئلے کی طرف توجہ دلائی ہے، میرے خیال میں وہ انتہائی اہم واقعہ ہے اور Legally, constitutionallyاس اسمبلی کی جو Internal proceedings ہیں ان کو Protectionحاصل ہے کہ وہ کسی کورٹ میں بھی چیلنج نہیں ہو سکتی، جو Internal proceedingsہیں اس ہاؤس کی، جناب سپیکر! اور چیئر جو بھی Decisionلے، اس کو بھی چیلنج نہیں کیا جا سکتا، یہاں پر ہم جو سارے ممبران بیٹھے ہیں، ہم اپنے علاقوں کے، صوبے کے عوام کے مفاد میں جو بھی مسئلہ ہو گا، ہم اس کے حق میں بولیں گے اور اگر اس واقعہ کو آج لگام نہ دی گئی، آپ جناب سپیکر اس سے باخبر ہیں کہ اس سے پہلے میں نے بھی ایک تحریک التواء پیش کی تھی اور پھر مردان سے کافی خبریں اس پر آئی تھیں کہ ہم مردان میں داخلہ بند کر دیں گے تو جناب سپیکر، کل ہم ایس ایچ او یا ایس پی کے خلاف کچھ بات کریں گے تو وہ کہے گا کہ میرے تھانے میں نہیں آؤ گے، اپنے تھانے میں تمہارا داخلہ بند کر دونگا۔

جناب سپیکر: یا تھانے میں بند کر دونگا۔

جناب عبدالاکبر خان: کل آپ ڈی سی او کے خلاف بات کریں گے تو ڈی سی او کہے گا کہ تم اس ضلع میں نہیں آؤ گے، کل حکومت میں کسی اور کارندے کے خلاف بات کریں گے یا کوئی مسئلہ اٹھائیں گے یا عوام کا کوئی مسئلہ اٹھائیں گے پھر وہ کہیں گے کہ آپ اس علاقے میں نہیں آئیں گے، آنریبل ممبر نے جو کل بات کی تھی یہ انکا Rightتھا، آپ نے ہی ان کا موشن Approveکر کے اسمبلی میں بولنے دیا اور پھر اس کے بعد اس شخص نے، میں تعلیم اور بے تعلیمی کی بات نہیں کرتا، لیکن جناب سپیکر، یہ اس اسمبلی کی کچھ اپنی روایات ہیں، کچھ Traditionsہیں اور کچھ اسکے اختیارات ہیں، اگر ہر ایرے غیرے نتھو خیرہ اس اسمبلی کی Proceedingsکی اس طرح اخباروں میں مخالفت کر کے پریس کانفرنسیں کرا کے ممبران کی بے عزتی کرائے گا تو یہ سلسلہ تو پھر ختم نہیں ہو گا، میں اور میرے خیال میں انہی اپنی ساتھیوں سے اپیل کرتا ہوں اور آپ سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ اس کو پریویلج کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور فوراً اس کے خلاف کارروائی کی جائے، (تالیاں) اور میں یہاں تک درخواست کرونگا کہ پریویلج کمیٹی Within one weekاس کیس کو Judicial Committeeکے حوالے کر کے اس کو سزا دلائے، اگر آج ہم نے اس

کولگام نہ دی (تالیاں) جناب سپیکر! تو کل اس اسمبلی میں کوئی بھی بولنے والا نہیں ہوگا، ہم باہر نکلیں گے تو کوئی بدمعاش ہمارے لئے باہر کھڑا ہوگا وہ کہے گا کہ آپ نے کیوں ہمارے خلاف بات کی؟ کوئی گورنمنٹ آفیشل کھڑا ہوگا، کوئی سپاہی اور آدمی کھڑا ہوگا پھر تو ہم یہاں پر بول نہیں سکیں گے، پھر تو ان کی مرضی ہوگی، آئیں گے، کریں گے، بہت مہربانی، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب شاہ راز خان: تاسو نوم واخلئ چې له مو اجازت ورکړے دے ؟

جناب سپیکر: ټولو له اجازت ورکوم خو زما په خیال چې Sensitivity محسوسه شوې ده که د حکومت نه تپوس اوکړو چې دوئ څه وائي۔

جناب شاہ راز خان: حکومت نه به تپوس اوکړئ جی خو دے اخبار کښې زما نوم هم راغلے دے نو زه ورسره Affectee یم کنه۔

جناب سپیکر: جناب شاہ راز خان صاحب۔

جناب شاہ راز خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر، یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے بعد، چونکہ اس کا نام آیا ہے تو۔۔۔۔۔

جناب شاہ راز خان: زه دا وایم چې زه د یونیورسټئ سنډیکیټ ممبر هم یم او ستاسو Nominee یمه هلته، د سنډیکیټ په یو اجلاس کښې مو شرکت کړے دے او ماته ډیر زیات افسوس دے چې وائس چانسلر صاحب یو ډیر لوئے لکه هغه د تعلیمی ادارے چلولو نه زیات په سیاست کښې او په ګروپنګ کښې ډیر زیات Involve دے، ماته د یو سنډیکیټ میټنګ نه اندازه شوې ده، اوس چې کوم سړی پریس کانفرنس کړے دے، کوم پروفیسر صاحب، دا پروفیسر صاحب د Environmental planning چیئرمین دے، دا هم د هغه لابی سره او د هغه ګروپ سره تعلق ساتی، دوئ که په دې طریقو باندې خلق پریشرائز کوی، ایوان پریشرائز کوی، ممبران پریشرائز کوی دا لوبه دوئ Being a Government servant دا کار کوی، نو زه خو وایم چې څنګه معزز منسټر صاحب دلته اعلان کړے وو، چې مونږ به ګورنر صاحب سره په دې مسئله

کبنړ ملاوېږو او خبره به کوؤ چې د دوئ هغه ټول Illegality، د دوئ ټول کرپشن، د دوئ هغه Moral corruption، د دوئ هغه کوم فنانشل کرپشن چې د هغې بالکل ټپوسونه دی اوکړی، هغه ټیچرانو لیکلی دی او دلته کبنړ مونږ پیش کړل په ایوان کبنړ، نو زه وایم چې که دا پریویلج موشن چې کوم دے، دا هم Accept شی، کمیټئ ته راوستے شی او څنګه چې عبدالاکبر خان صاحب اووئیل جوډیشل کمیټئ ته حواله کړے شی او ورسره ورسره وزیر صاحب بیا هغه خپل چې کوم کار ورته د اسمبلئ د طرف نه حواله شوې وو چې هغې کبنړ ګورنر صاحب سره ملاقات اوکړی او بیا د دې وائس چانسلر صاحب چې کوم حرکت کړے دے، کوم حرکتونه کوی دوئ ته یو لګام ملاؤ شی او دا څیز کنټرول شی۔

جناب سپیکر: ډاکٹر سلیم خان صاحب۔

ډاکٹر محمد سلیم: محترم سپیکر صاحب، دا یو ډېره زیاته اهمه واقعه ده، دلته چې کوم ممبران ناست دی، دا منتخب ممبران دی، د زرګونو په تعداد کبنړ دوئ ووټونه اغستے دی، مونږ که یونیورسټی ته لاړ شو نو وائس چانسلر صاحب راله ټائم نه راکوی، که بل دفتر ته لاړ شو نو ډائریکټر صاحب مونږ ته توجه نه کوی، نو دا ډېره اهمه خبره دا ده چې مونږ د دې نه مخکبنړ حکومتونو کبنړ پاتے شوې وو خو دا تجربه مو شوېده چې زړو حکومتونو په نسبت د دې حکومت ګرفت په بیوروکیټس ډېر کمزورے دے، او دا ګورے بنه خبره نه ده، تاسو ته مونږ دا ریکویسټ کوؤ، زه ستاسو اتحادی هم یمه۔۔۔۔

Mr. Speaker: Hon'ble Minister for Law and Parliamentary Affairs is attentive please.

ډاکٹر محمد سلیم: وائس چانسلر صاحب له چې څوک دفتر ته ورشی نو هغه د وائس چانسلر دفتر نه بنکاری، هغه د یو علاقے تهانړه بنکاری، څنګه چې ایس ایچ او په کرسئ ناست وی، داسے زمونږ وائس چانسلر صاحب ناست وی نو زه وایمه چې د دې تحقیقات دے اوشی او دا خبره دے استحقاق کمیټئ ته حواله شی او څنګه چې عبدالاکبرخان صاحب اووئیل نور دے هم د دې خلاف ایکشن

واغستے شی، دے بیوروکریټس ته به لګام ورکول غواړی، دوئ به راتینګول غواړی، هغه شاعر وائی چې:

؎ ایسے آہوئے رام خوردہ کی وحشت کھونی مشکل ہے

اور سحر کیا، اعجاز کیا جن لوگوں نے تجھ کو رام کیا۔

که دا خلق مو سم کړل نو زه به بیا دا وایم چې واقعی چې سپیکر صاحب، سپیکر دے او اسمبلی، اسمبلی ده، شکریه۔

جناب سپیکر: جناب شہزادہ گستاسپ خان صاحب۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر، میں جو کہنا چاہتا تھا، وہ آپ نے مجھے موقع ہی نہیں دیا۔

جناب سپیکر: ہو کہہ چکے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر، اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں، یہاں پہ کوئی تجویز یہ بھی آئی کہ گورنر صاحب کے ساتھ بات بجائے یا ان کے ساتھ معاملہ طے کیا جائے، لیکن میں سمجھتا ہوں سر، جو اسمبلی کا استحقاق ہے یا جو اسمبلی کا اختیار ہے وہ آپ کو خود استعمال کرنا چاہیئے اور ممبران اسمبلی کے پاس یہی فورم ہے، جیسا کہ عبدالاکبر خان صاحب نے کہا کہ کوئی بھی کھڑا ہو کر ہمیں گالیاں دینے لگ پڑے، کوئی بھی ہمیں اپنے علاقوں سے بند کر دے تو ہمارے پاس تو اور کوئی فورم نہیں، اس لئے یہ میری درخواست ہو گی سر کہ اس پر فوری طور پر کارروائی کی جائے اور اس معاملے کو پریولج کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر، یہ بڑا Important issue ہے جو ہمارے دو آنریبل ممبرز نے پیش کیا ہے اور جیسے یہاں ابھی ساتھیوں نے کہا ہے، خواہ اپوزیشن کے لوگ ہیں یا ٹریژری بینچز کے لوگ ہوں، ہم سب کو ایک چیز کا بڑا خیال رکھنا ہو گا کہ ممبرز کا جو آنر ہے، وہ Protect رہے اور اس ہاؤس کی جو عزت ہے، وہ محفوظ رہے اور اگر اس طریقے سے اس اسمبلی کی پروسیڈنگز کے خلاف لوگ پریس کانفرنسیں کریں اور اس طرح کے Attitude کا مظاہرہ کریں اور اگر اس کے اوپر ایکشن نہ ہو تو یہ بالکل تمام ہاؤس کے لوگ اپنے آپ کو Insecure feel کریں گے، اس ہاؤس کا آنر رکھنا، اس کی Dignity رکھنا، یہ ہم سب کی Responsibility ہے، Collective responsibility ہے، So ہم اس کی پر زور حمایت کرتے

ہیں کہ اس طرح کے اگر ہم نے اقدامات نہ کئے اور ایک بڑی کامن چیز جو ہم Observe کر رہے ہیں، اس وقت تمام محکموں کے اندر کہ جتنے بھی Almost افسران ہیں، ان کا ممبران اسمبلی کے ساتھ رویے درست نہیں ہیں، وہ پبلک میں بیٹھ کر ممبران اسمبلی کی Insult کرتے ہیں، یہ اگر دو تین واقعے پریویلج کمیٹی کے حوالے کر دیں اور ان کے اوپر ایکشن ہو جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ تمام محکموں کا، تمام افسران کا جو قبلہ ہے، وہ درست ہو جائے گا، اور اس سے اس ایوان کا تقدس برقرار رہے گا اور تمام ممبران اپنے آپ کو باعزت محسوس کریں گے اور پروٹیکشن محسوس کریں گے۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: زما خیال خو۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: مخالفت نہ کوی۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہ، ملک ظفر اعظم صاحب۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور</u>: جناب سپیکر صاحب، جیسے کہ ہمارے ساتھی نے اخبار پڑھنے کی بات کی، تو میں بھی ابھی ابھی خبر کو پڑھ رہا تھا، چونکہ میری نظر سے صبح نہیں گزری تھی، میری عرض یہ ہے جی کہ واقعی اس میں جو الفاظ ہیں، وہ اس قابل ہیں کہ یہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور اس قابل بھی ہیں کہ وہ جوڈیشل کمیٹی کے بھی حوالے کئے جائیں، لیکن میری ایک درخواست ہے چیئر سے، وہ یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ آج کا اخبار جو ہے، جو میرے سامنے پڑا ہے، بڑا قابل اعتماد اخبار ہے، لیکن پھر بھی اس کو ایک دو مواقع دیے جائیں، اگر وہ تردید کر سکے اپنے بیان کی کہ یہ میرا تردیدی بیان ہے اور یہ بیان صحیح چھپا ہوا نہیں ہے جو میں نے بیان دیا ہے، وہ یہ بیان نہیں تھا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: میرے خیال میں منسٹر صاحب نے اتفاق کر لیا ہے، وہاں پر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔

<u>وزیر قانون</u>: اوکے سر۔

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House that Privilege motion moved by Maulana Amanullah Haqqani, and Mr. Muzaffar Said, MPA, may be referred to the Privileges Committee?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Privilege Motion moved by the hon'ble MPA, Maulana Amanullah Haqqani, and Muzaffar Said, are referred to the Privilege Committee. Next……

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب، ما یو تپوس کوؤ، زما استحقاقات۔۔۔۔۔

تحریک التواء

جناب سپیکر: بس تپوس مه کوه، Mr. Pir Muhammad Khan, MPA, to please move his Adjournment Motion No. 104.

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب، زما هغه استحقاقات وو، هغه تراوسه پورے پکښې یو هم را نغے۔

جناب سپیکر: پلیز۔

سید مرید کاظم شاہ: پوائنٹ آف آرڈر سر، سر! ہماری ایک مشترکہ تحریک استحقاق آئی ہوئی ہے جو اسمبلی کا استحقاق مجروح ہوا ہے، وہ نہیں آرہی، مہربانی کریں اس کے لئے ہمیں کوئی Date بتائیں کہ وہ اس اجلاس میں آتی ہے یا اگلے میں؟ یا یہ آپ چاہتے ہیں کب، یہ چھ مہینے گزر جائیں اور وہ قرارداد Lapse ہو جائے۔

جناب سپیکر: ان شاءاللہ آجائے گی، آجائے گا، جی مسٹر پیر محمد خان، ایم پی اے، پلیز۔

جناب پیر محمد خان: شکریہ جناب سپیکر، محترم جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ ایک انتہائی اہم معاملے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ صوبہ سرحد میں مائننگ کا کام دم توڑ رہا ہے، اس سے ایک طرف صوبائی حکومت کو نقصان پہنچ رہا ہے تو دوسری طرف ضلعی حکومت کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے، تیسری طرف ہزاروں مزدور بے روزگار ہو رہے ہیں، چوتھی طرف لیز کے مالکان کو نقصان پہنچ رہا ہے، جب کہ پانچویں طرف مالک زمین کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے، جس کی اہم وجہ یہ ہے کہ اس محکمہ کو تاحال کوئی ٹیکنکل ڈی جی مائنز نہیں ملا ہے، لہذا اس پر بحث کر کے کمیٹی کے حوالے کیا جائے، جناب سپیکر صاحب، ما په تفصیل سره ځکه ورکړه زما خیال دا وو چې که زیات ضرورت پرے رانشی او کمیټۍ ته ځی، دا مائننګ یوه داسې محکمه ده چې په دیکښې مخصوص کسان په دې کرسو باندې ناست دی په مختلف ضلعو کښې او زمونږ د دې صوبے سره د آمدن دا یو ښو ښیزونه دی چې په هغې کښې یو مائننګ دے، په بونیر کښې بیا ډیر زیات دی، تاسو ته ئے زیاته پته ده لیکن په دې مائننګ کښې چې ښومره

